قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے ساتویں راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

- ناردرن کے سرمد بھٹی کے ناقابل شکست 171 رنز
- سدرن پنجاب اور خیبرپختونخوا کے درمیان میچ کا پہلا روز بارش سے متاثر
- سنٹرل پنجاب اور بلوچستان کے درمیان میچ کا آغاز پیر سے ہوگا

لاہور، 3نومبر2019ء:

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں جاری میچ کے پہلے روز سندھ نے پہلی اننگز میں بغیر کسی نقصان کے 26 رنز بنالیے ہیں۔اس سے قبل ناردرن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 83 اوورز میں 7وکٹوں کے نقصان پر 368 رنز بنائے۔ناردرن کی جانب سے سرمد بھٹی نے 171 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ 218 گیندوں کا سامنا کرنے والے بلے باز کی اننگز میں 11 چوکے اور 9 چھکے شامل تھے۔شعیب احمد منہاس نے 83 رنز اسکور کیے۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 148 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ سندھ کی جانب سے جاہد علی نے 2وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سندھ نے دن کے اختتام پر 26 رنز بنالیے ہیں اور اس کے دونوں اوپنرز کریز پر موجود ہیں۔ عماد عالم 15 اور جاہد علی 11 رنز سے کھیل کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

دوسری جانب سدرن پنجاب نے پہلی اننگز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 127 رنز بنالیے ہیں۔ حیات آباد سپورٹس کمپلیکس پشاور میں جاری میچ کے پہلے روز بارش اور آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کے باعث محض 39 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا۔ 10 اسکور پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد سدرن پنجاب کے محمد عمیر اور ذیشان اشرف کے درمیان 96 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ کھیل کے اختتام پر محمد عمیر 60 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں تاہم ذیشان اشرف 30 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔خیبرپختونخوا کی جانب سے محمد الیاس نے 2کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

ادھر ریلوے اسٹیڈیم لاہورمیں سنٹرل پنجاب اور بلوچستان کے درمیان میچ کے شیڈول میں تبدیلی کردی گئی ۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین روزہ میچ اب اتفاق کرکٹ گراؤنڈ لاہور میں ہوگا۔ میچ کا آغاز پیر کو ہوگا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk